انٹرن شپ کی درخواست دیں

Teach in Urdu internship 2026-27

Nurturing harbingers of equity, diversity and quality in Education

تعلیمی میدان میں معیار،تنوع اور عدل کے نقیبوں کی پرورش

السلام وعلیکم،

ہمیں یہ اعلان کرتے ہوئے خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ ہندوستان کی مختلف یونیورسٹیوں میں زیرِ تعلیم طلبہ کے لیے **ٹیچ اِن اردو**(https://teachinurdu.org) کے تحت انٹرن شپ کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔ یہ اقدام اردو ذریعہ تعلیم کو مضبوط بنانے کے لیے معیاری تدریسی اور تعلیمی مواد کی تیاری کے لئے اٹھایا گیا ہے۔

ٹیچ اِن اردو کا تعارف

ٹیچ اِن اردو ایک تعلیمی و تدریسی پلیٹ فارم ہے جو اردو ذریعہ تعلیم کے اسکولوں کے اساتذہ اور طلبہ کے لیے **اعلیٰ معیار کا تعلیمی و تدریسی مواد** شائع کرتا ہے۔

ہمارا کام درج ذیل پہلوؤں پر مشتمل ہے:

- نصاب سے ہم آہنگ تعلیمی مواد کی تیاری اور ترجمہ
- اساتذہ کی تدریسی معاونت کے لیے وسائل کی فراہمی

- کہانیوں، سمیولیشنز، ورک شیٹس اور دیگر سرگرمیوں کے ذریعے تدریس کو آسان اور مؤثر بنانا۔

انٹرن شپ کا مقصد

اس انٹرن شپ کا بنیادی مقصد طلبہ کو ایک بامعنی اور عملی تعلیمی تجربہ فراہم کرنا ہے تاکہ وہ اپنی علمی اور فکری صلاحیتوں کو حقیقی تعلیمی میدان میں بروئے کار لا سکیں اور اردو تعلیم کے فروغ میں مؤثر کردار ادا کر سکیں۔ یہ انٹرن شپ طلبہ کو نظریاتی علم کے ساتھ ساتھ عملی کام کے مواقع فراہم کرتی ہے، جس کے ذریعے وہ جدید تعلیمی تقاضوں کو سمجھنے اور ان پر کام کرنے کی صلاحیت حاصل کریں گے۔

انٹرنز کو درج ذیل امور میں سیکھنے اور عملی طور پر کام کرنے کا موقع دیا جائے گا:

- تعلیمی مواد کی تیاری اور تدوین
- انگریزی سے اردو میں تعلیمی مواد کا ترجمہ اور تطبیق
- تعلیمی مضامین، سائنسی سمیولیشنز، مصنوعی ذہانت سے متعلق تعلیمی مواد، سی ایس پی پاٹھ شالا نصاب اور دیگر تعلیمی وسائل کا ترجمہ
- تعلیمی ویڈیوز کے لیے اردو سبٹائٹل کی تیاری
- تدریسی مواد اور ورک شیٹس کی تیاری
- تعلیمی تحقیق میں معاونت اور مواد کی درجہ بندی
- تعلیمی مواد کی کیوریشن، یعنی مختلف تعلیمی وسائل جیسے تعلیمی مضامین، سمیولیشنز اور ویڈیوز کا انتخاب، انہیں نصابی کتب کے ساتھ ہم آہنگ کرنا، اور اسی بنیاد پر نیا اور مؤثر تدریسی مواد تیار کرنا، نیز اس مواد کو کلاس روم میں عملی طور پر آزمانا
- ڈیجیٹل تعلیمی پلیٹ فارمز کے ساتھ کام کرنے کا عملی تجربہ
- سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر کام کرتے ہوئے تعلیمی منصوبے کو زیادہ وسیع حلقے تک پہنچانا

- مشترکہ تعلیمی سرگرمیوں اور ٹیم ورک میں فعال شرکت

یہ انٹرن شپ طلبہ کے لیے نہ صرف سیکھنے کا موقع ہے بلکہ انہیں تعلیمی دنیا کے حقیقی مسائل اور امکانات سے روشناس کرانے کا ایک مؤثر ذریعہ بھی ہے۔

مدت اور وقت

- انٹرن شپ کی مدت: 4 سے 8 ہفتے
- ہفتہ وار وقت: 8 سے 10 گھنٹے
- طریقہ کار: آن لائن
- یہ نظام طلبہ کے تعلیمی مصروفیات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترتیب دیا گیا ہے۔

سرٹیفکیٹ اور تعلیمی فوائد

- کامیاب تکمیل پر **انٹرن شپ سرٹیفکیٹ**
- منتخب مواد پر **ٹیچ اِن اردو ویب سائٹ پر اشاعت کا موقع**
- تحریر، ترجمہ، تدریس اور ڈیجیٹل تعلیم میں مہارت
- تجربہ کار اساتذہ اور تعلیمی ماہرین کے ساتھ کام کرنے کا تجربہ

اہلیت

- ہندوستان کی کسی بھی یونیورسٹی میں زیرِ تعلیم یو جی، پی جی، بی ایڈ، ایم ایڈ یا دیگر متعلقہ کورسز کے طلبہ
- اردو اور انگریزی دونوں زبانوں میں پڑھنے اور لکھنے کی لازمی صلاحیت
- شعبہ تعلیم یا شعبہ ترجمہ سے وابستگی یا ان میں واضح دلچسپی

- تعلیمی، لسانی یا سماجی شعبے میں سیکھنے اور عملی کام کرنے کا شوق
- بنیادی تعلیمی اور فکری ذمہ داری کو سمجھنے اور ٹیم کے ساتھ کام کرنے کی صلاحیت

درخواست دینے کا طریقہ

براہ کرم درج ذیل گوگل فارم کے لنک پر کلک کریں اور مطلوبہ معلومات پُر کریں۔

گوگل فارم لنک: درخواست فارم کی لنک

ای میل: teachinurdu@gmail.com ویب سائٹ: teachinurdu.org